# ہوم کیئر ٹیکسٹائلز

## ضابطہ اخلاق، معلوماتی کتابچہ برائے ملازمین (CODE OF CONDUCT/EMPLOYEE HAND BOOK)

ہم ہوم کیئر ٹیکسٹائل میں آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آپ اس کمپنی میں ایمانداری اور محنت و لگن سے کام کریں گے۔

**چائلڈ لیبر:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائل میں 18 سال سے کم عمر افراد کو ملازمت نہیں دی جاتی ہے۔

**جبری مشقت:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائل میں ورکرز کے ساتھ کسی قسم کی کوئی زور زبردستی نہیں کی جاتی تمام ورکرز اپنی مرضی اور خوشی سے کام پر آتے ہیں اور اپنا ٹائم پورا کر کے اپنی مرضی سے گھر جاتے ہیں ۔تمام سپروائزر اپنے ورکرز کے ساتھ اخلاقی رویئے سے پیش آتے ہیں ۔اور ہوم کیئر ٹیکسٹائل کی واضع کردہ ڈسپلینیری پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔

**کام کے اوقات:**

(۱) صبح 9 :00 بجے سے شام 6:00 بجے تک (۲) پہلا چائے کا وقفہ صبح 11am سے 11:15 am بجے تک (۳) کھانے کا وقفہ 01pm سے 02:00 pm بجے تک
(۴) دوسرا چائے کا وقفہ شام 4:00pm سے 4:15pm بجے تک (۵) جمعہ کا وقفہ: 01:00pm سے 2:30pm بجے تک (۶) تعطیل بروز اتوار اور دیگر سرکاری چھٹیاں۔

**مشترکہ سوداکاری و یونین سازی**

کمپنی کی انتظامیہ اپنے کارکنان و ملازمین کے ذاتی حقوق کا احترام کرتی ہے اور ان کو کسی بھی یونین کا حصہ بننے کی مخالفت نہیں کرتی ۔ ادارے میں ورکرز کونسل کا قیام ہے جو کہ ایک بہت بہتر انداز میں کام کر رہی ہے اگر کسی بھی ورکرز کے ساتھ کسی قسم کی کوئی پریشانی ہو تو وہ ورک کونسل کے صدر یا ممبر سے رابطہ کر سکتا ہے۔

**منظور شدہ سپلائر:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائل کے ساتھ کام کرنے والے تمام سپلائر اس بات کی یقین دہانی کراتے ہیں کہ وہ کمپنی کی تمام تر پالیسیوں پر عمل پیراں ہونگے اور قانونی طور پر لاگو ہونے والے تمام قانون پر عمل کرینگے ۔نیز ILO اور UDHR کی تمام شقوں پر عمل پیرا ہوں گے ۔ساتھ ہی ساتھ اپنے ورکرز کو اس کی آگاہی فراہم کریں گے۔

**تفریق یا امتیاز دوران تقرری:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائل میں ملازمت کے لئے کسی بھی قسم کے نسلی، مذہبی، رنگ، فرقہ، جنسی، لسانی، علاقائی یا قومی امتیاز کو روا نہیں رکھا جاتا۔

**نظم و ضبط:**

کمپنی کی انتظامیہ کے تمام ارکان نظم و ضبط سے متعلق تمام پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں اور ہم کسی بھی صورت میں کسی بھی کارکن کے ساتھ غیر انسانی رویہ اختیار نہیں کرتے اور ہر معاملہ کو پیشہ وارانہ اخلاقیات کے تحت حل کرتے ہیں نہ کسی کو ذاتی بنیادوں پر، ہم ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کسی کو بھی کسی سزا کے مرحلے سے نہ گزرنا پڑے۔

**کرپشن اور رشوت (Business Ethics, Anti Corruption, Anti Bribery & Anti Trust):**

کمپنی کی انتظامیہ اس بات کی یقین دہانی کراتی ہے کہ کمپنی میں کام کرنے والے تمام ملازمین رشوت اور کرپشن کے خلاف عمل پیراں ہو کر اپنے تمام تر کام سرانجام دیتے ہیں اور کمپنی انتظامیہ اپنے تمام کاروباری معاملات اور تعلقات میں پیشہ ورانہ، منصفانہ اور ایمانداری کے ساتھ کام کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

**شکایات و مسائل:**

اگر کسی بھی ورکرز کو کسی قسم کی کوئی بھی شکایت ہو تو اپنی کمپلین اس بکس میں ڈالیں ۔مثال کے طور پر اگر ڈیپارٹ میں ڈرایا یا دھمکایا جا رہا ہے یا کوئی بھی ورکر یا سپر وائزر بد کلامی کر رہا ہوں اور اگر گریوینس کے حوالے سے بھی کمپلین ہو تو اس بکس میں ڈال سکتے ہیں ۔مزید کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ سے رجوع کر سکتا ہے ۔ اپنی شناخت مخفی رکھنے کے لئے کمپلین بکس، یا ای میل info@homecaretextiles.com کے ذریعہ اپنا مسلہ بیان کر سکتا ہے ۔اور ضرورت پڑنے پر ٹاپ مینیجمنٹ سے براہ راست مل کر اپنا مسلہ بیان کر سکتا ہے ۔مسلہ کو حل کرنے کے لئے ورکر کمیٹی سے بھی رجوع کر سکتا ہے ۔تمام صورتوں میں شناخت ظاہر نہیں کی جاتی ہے۔

**طبی معائنہ:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائل میں تمام ملازمین کا ہر ۶ ماہ بعد طبی معائنہ سرٹیفائیڈ سرجن کے ذریعے کروایا جاتا ہے ۔اور اس کی فیس ورکرز سے نہیں لی جاتی ۔ملازمت سے پہلے خواتین کا حاملہ

ہونے کا کوئی ٹیسٹ نہیں لیا جاتا۔

**ایمرجنسی ریسپانس:**

ہوم کیئر میں ہنگامی صورتِ حال سے بچنے کے لیئے مختلف عنوان پر ٹریننگ دی جاتی ہے۔

☆ ہوم کیئر میں سال میں دو مرتبہ فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ کی ٹریننگ کروائی جاتی ہے جس میں ملازمین کو یہ بتایا جاتا ہے کہ اگر آگ لگ جائے یا کوئی بھی ایمرجنسی ہو تو کس طریقے سے ڈیپارٹ میں آلات کا استعمال کرنا ہے اور اگر کسی کو چوٹ لگ جائے تو اس کا ابتدائی اعلاج کس طرح کرنا ہے۔اور فائر ڈریل کی ٹریننگ سال میں 4 بار کروائی جاتی ہے۔جسکا مقصد ایمرجنسی صورت میں اسمبلی پوائینٹ تک آسانی سے پہنچنے میں مدد ملے۔اور یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ متعلقہ اداروں کو کس طرح اطلاع کرنی ہے۔

**فائر الارم:**

اسکا مقصد ہنگامی صورت حال میں تمام ورکرز تک آگاہی ہے۔جیسے ہی الارم کی آواز سُنے تمام ضروری کام چھوڑ کر فوری طور پر گراونڈ فلور پر موجود اسمبلی پوائینٹ پر جمع ہو جائیں۔اور کسی بھی ہنگامی صورت حال جیسے آگ لگنے،زلزلے کے جھٹکے یا کسی قسم کا کوئی خطرہ محسوس ہونے پر فائر الارم کا بٹن دبائیں۔

**فائر سلنڈر(آگ بُجھانے کا آلہ):**

ہر ڈپارٹ میں موجود فائر سلنڈر آپ کی سلامتی کے لیئے لگائیں گئیں ہیں۔اسکی حفاظت ہر ورکرز کی ذمہ داری ہے۔آگ لگنے کی صورت میں پہلے قریب کے وہ تمام سامان ہٹائیں جن سے آگ ذیادہ جلدی پھیلتی ہے۔اور سلینڈر کا استعمال مندرجہ ذیل طریقے سے کریں سلینڈر کو ہک سے اتاریں۔سلینڈر کی ریڈ سیل کو توڑیں۔سیفٹی پن کو کھینچ کے باہر نکال دیں۔سیلینڈر کے پائپ کا رخ آگ کی نچلی سطح پر رکھیں۔۔اگر آپ تربیت یافتہ نہیں ہیں تو فوری طور پر تربیت یافتہ فائر فائٹر کو اطلاع دیں۔

**لیو مارکنگ یا فلور مارکنگ:**

ہر فلور لگیں یلونشان کی مارکنگ کو ہر وقت کلیئر رکھیں۔اسکا مقصد کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں آپکو گروئنڈ فلور پر موجود اسمبلی پوائیٹ پر پہنچنے میں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ ہو۔

**ایمرجنسی دروازے:**

اسکا مقصد کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں آپکو گروئنڈ فلور پر موجود اسمبلی پوائیٹ پر پہنچنے میں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ ہو۔اور یہ دروازے ہر وقت کُھلے ہوئیں اور کسی سم کی رُکاوٹ سے پاک ہوں۔

**ہنگامی اخراج کا پلان:**

☆ ڈیپارٹ میں ہنگامی اخراج کا نقشہ لگایا گیا ہے جس کے اندر ڈیپارٹ میں لگے تمام سامان کی نشاندہی کی گئی ہے لہذا اس نقشے کو اپنے ذہن میں رکھیں تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں اس سے مدد حاصل کر کے آگ پر قابو پایا جا سکے اور ملازمین کو با حفاظت ڈیپارٹ سے باہر نکالا جا سکے۔

**فرسٹ ایڈ بکس:**

ابتدائی طبی امداد کا بکس ہر ڈیپارٹمنٹ میں مناسب مقدار میں لگے ہوئیں ہیں اور اس میں ابتدائی طبی امداد کے لئے دوائیاں رکھی گئی ہیں اور اس پر دوائیوں کی لسٹ اور تربیت یافتہ فرسٹ ایڈر کی تصویریں بھی آویزاں ہیں۔

**حفاظتی آلات کا استعمال:**

اپنے ڈیپارٹ میں استعمال ہونے والے حفاظتی آلات کو کام کے دوران لازمی استعمال کریں تاکہ کسی قسم کے نقصان سے محفوظ رہیں۔تفصیلات درجہ ذیل ہیں

☆ جنریٹر آپریٹر کے لیے حفاظتی آلات۔دستانے،فیس ماسک،ٹوپی،جوتے،ائر مف(Ear Muff)
اسپیل کٹ(Spill Kit) کا استعمال جب آئل زمین پر گر جائے تو اس کو اٹھانے کے لئے کریں۔

☆ مشین آپریٹر کے حفاظتی آلات:نیڈل گارڈ،پُلی کور،بیلٹ کور،فنگر گارڈ اور فیس ماسک شامل ہیں اگر مشین کے کوئی پارٹس کم ہوں تو فوری انچارج کو دیں۔

☆ واش مین کے حفاظتی آلات:ربر کے دستانے اور ریسپائیرٹری ماسک اور کٹنگ والوں کے لیے حفاظتی آلات۔میش گلوز،فیس ماسک

☆ اور دیگر ڈیپارٹ کے لئے ضروری ہے کہ آلودہ ماحول سے بچنے کے لئے فیس ماسک کا استعمال لازمی کریں۔

**دیگر ٹریننگ اور تفصیلات:**

☆ ہیلتھ اینڈ سیفٹی اور ماحولیاتی صفائی اور آلودگی کے حوالے سے ہر 6 ماہ کے بعد ٹریننگ کروائی جاتی ہے جس میں ملازمین کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول بنانے پر تربیت دی جاتی ہے۔ ملازمت کے وقت اور ہر چھ ماہ بعد کام سے متعلق فنی ٹریننگ بھی دی جاتی ہے۔

☆ ہوم کیئر میں استعمال ہونے والے دیگر مشینوں سے سیفٹی اور مشینوں کے حفاظتی اقدامات کے حوالے سے بھی ہر چھ ماہ بعد ٹریننگ دی جاتی ہے جسمیں مختلف اقسام کے سلائی مشین، لفٹ، جنریٹر، کمپریسر پانی کی موٹر وغیرہ شامل ہیں۔

☆ ورکرز کے قانونی حقوق جسمیں تنخواہ، اوور ٹائم، آرام کا دن، گروپ انشورنس، EOBI & SESSI ورکرز کی شکایت اور اُسکا طریقہ کار، ڈسپلینری عمل اور کمپلین، حراسمنٹ اور کمپلین وغیرہ کے حوالے سے بھی ہر چھ ماہ بعد ٹریننگ دی جاتی ہے

☆ خواتین کو ہراساں سے بچانے کے لیے بھی فیکٹری ایک ٹریننگ دیتی ہے جس میں خواتین کو ہراساں سے متعلق کمپلین کی ٹریننگ بھی ہر چھ ماہ بعد دی جاتی ہے۔

**کم سے کم تنخواہ:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائلز میں کم سے کم تنخواہ پاکستانی قانون کے مطابق دی جاتی ہے جو کہ اس وقت -/19000 روپے ماہانہ ہے۔

**تنخواہ کا دن:**

ہوم کیئر میں ماہانہ تنخواہ ہر ماہ کی 2 سے 7 تاریخ تک ادا کر دی جاتی ہے۔

**اوور ٹائم:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائلز میں اوور ٹائم ورکرز کو ڈبل ریٹ سے دیا جاتا ہے اور زیادہ سے زیادہ 1 گھنٹے کے لئے ہوتا ہے۔ ورکرز اپنی خوشی سے اوور ٹائم کرتے ہیں۔

Over Time Formula : (Salary/26/8*2=OT Amount)

**گروپ انشورنس:**

ہوم کیئر تمام ملازمین کو ملک کے لیبر قوانین کے مطابق گروپ انشورنس کی سہولت فراہم کرتی ہے فیکٹری کے کسی بھی ملازم کی موت (طبی اور حادثاتی) اور زخمی (قدرتی یا حادثاتی) ہونے کی صورت میں سندھ ورکرز کمپنسیشن ایکٹ ۲۰۱۵ (Sindh Worker Compensation Act 2015) کے قانون کے تحت ادا کرتی ہے۔

**سالانہ چھٹیاں:**

☆ دس دن اتفاقی چھٹی (جنوری تا دسمبر کے درمیان) ☆ 16 دن بیماری کی چھٹی (جنوری تا دسمبر کے درمیان)

☆ چودہ دن سالانہ چھٹی ملازمت کی تاریخ کے ایک سال مکمل ہونے پر ☆ میٹرنٹی چھٹی 120 دن (04 ہفتے قبل اور 12 ہفتے بعد ڈیلیوری)

**بونس:**

ہوم کیئر میں بونس جولائی کے مہینے میں ان تمام ورکرز کو دیا جاتا ہے جن کو ادارے میں 90 دن ہو گئے ہوں۔

Bonus Formula : (Salary/12*Worked Month=Bonus Amount)

**سوشل سیکورٹی:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائلز کی جانب سے تمام ورکرز کی SESSI کنٹری بیوشن سندھ ایمپلائز سوشل سیکیورٹی ایکٹ 2018 کے مطابق ماہانہ ادا کی جاتی ہے۔

**ای۔او۔بی۔آئی:**

ہوم کیئر ٹیکسٹائلز کی جانب سے تمام ورکرز کی EOBI کنٹری بیوشن ایمپلائی اولڈ ایج بینیفٹ انسٹیٹیوٹ ایکٹ 2014 کے مطابق ماہانہ ادا کی جاتی ہے۔

**گریجوٹی:**

جب کوئی ملازم اپنی ملازمت سے استعفیٰ دے یا آجر بدعملی کی وجہ سے اس کی ملازمت ختم کرے تو اس ملازم کو قانون کے مطابق گریجویٹی دی جاتی ہے۔

برائے سپلائر / اسٹیک ہولڈرز                                        تصدیق کنندہ:

Review Date: 06-01-2022                                        Next Review Date: 05-01-2023